عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ○ الذَّاكِرُ لَكَ فِيْ لَيْلِكَ وَ الصَّآئِمُ لَكَ
فِيْ نَهَارِكَ الْمَعْرُوْفُ عِنْدَ مَلَآئِكَتِكَ اِنَّهٗ خَيْرُ خَلْقِكَ○
اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِالْحَرْفِ الْجَامِعِ لِمَعَانِيْ
كَمَالِكَ نَسْاَلُكَ اِيَّاكَ بِكَ اَنْ تُرِيَنَا وَجْهَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَنْ تَمْحُوَ عَنَّا وُجُوْدَ ذُنُوْبِنَا بِمُشَاهَدَةِ
جَمَالِكَ وَ تُغَيِّبَنَا عَنَّا فِيْ بِحَارِ اَنْوَارِكَ مَعْصُوْمِيْنَ مِنَ
الشَّوَاغِلِ الدُّنْيَوِيَّةِ رَاغِبِيْنَ اِلَيْكَ غَآئِبِيْنَ بِكَ يَا هُوَ يَآ اَللّٰهُ
يَا هُوَ يَآ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ. اِسْقِنَا مِنْ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ
وَ اَغْمِسْنَا فِيْ بِحَارِ اَحَدِيَّتِكَ حَتّٰى نَرْتَعَ فِيْ بُحْبُوْحَةِ
حَضْرَتِكَ وَ تُقْطَعَ عَنَّا اَوْهَامُ خَلِيْقَتِكَ بِفَضْلِكَ وَ

رَحْمَتِكَ وَ نَوِّرْنَا بِنُوْرِ طَاعَتِكَ وَ اهْدِنَا وَ لَا تُضِلَّنَا وَ
بَصِّرْنَا بِعُيُوْبِنَا عَنْ عُيُوْبِ غَيْرِنَا بِحُرْمَةِ نَبِيِّنَا وَ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ
مَصَابِيْحِ الْوُجُوْدِ وَ اَهْلِ الشُّهُوْدِ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
نَسْاَلُكَ اَنْ تُلْحِقَنَا بِهِمْ وَ تَمْنَحَنَا حُبَّهُمْ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ
يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ اِنَّكَ اَنْتَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَ تُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔
وَ هَبْ لَنَا مَعْرِفَةً نَّافِعَةً اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَّا
رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ نَسْاَلُكَ اَنْ تَرْزُقَنَا
رُؤْيَةَ وَجْهِ نَبِيِّنَا فِيْ مَنَامِنَا وَ يَقْظَتِنَا وَاَنْ تُصَلِّيَ وَ تُسَلِّمَ
عَلَيْهِ صَلَاةً دَآئِمَةً اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى
خَيْرِنَا وَ كُنْ لَّنَا۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ اَبَدًا

وَّاَنْمٰى بَرَكَاتِكَ سَرْمَدًا وَّ اَزْكٰى تَحِيَّاتِكَ فَضْلًا وَّ عَدَدًا

عَلٰى اَشْرَفِ الْحَقَآئِقِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَ الْجَآنِّيَّةِ وَ مَجْمَعِ

الدَّقَآئِقِ الْاِيْمَانِيَّةِ وَ ظُهُوْرِ التَّجَلِّيَاتِ الْاِحْسَانِيَّةِ وَ

مَهْبِطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَ وَاسِطَةِ عِقْدِ النَّبِيِّيْنَ وَ

مُقَدَّمَةِ جَيْشِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ قَآئِدِ رَكْبِ الْاَوْلِيَآءِ وَ

الصِّدِّيْقِيْنَ وَ اَفْضَلِ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ حَامِلِ لِوَآءِ الْعِزِّ

الْاَعْلٰى وَ مَالِكِ اَزِمَّةِ الْمَجْدِ الْاَسْنٰى شَاهِدِ اَسْرَارِ

الْاَزَلِ وَ مُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ الْاُوَلِ تَرْجُمَانِ لِسَانِ

الْقِدَمِ وَ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَ الْحِلْمِ وَ الْحِكَمِ وَ مَظْهَرِ سِرِّ

الْوُجُوْدِ الْجُزْئِيِّ وَ الْكُلِّيِّ وَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِيِّ

وَ السِّفْلِيِّ رُوْحِ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ وَ عَيْنِ حَيَاةِ الدَّارَيْنِ

وَ الْمُتَحَقِّقِ بِاَعْلٰی رُتَبِ الْعُبُوْدِیَّةِ وَ الْمُتَخَلِّقِ بِاَخْلَاقِ
الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَآئِیَّةِ الْخَلِیْلِ الْاَعْظَمِ وَ الْحَبِیْبِ
الْاَکْرَمِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا وَ حَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
عَبْدِ الْمُطَّلِبِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ
عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَ مِدَادَ کَلِمٰتِكَ کُلَّمَا ذَکَرَكَ وَ ذَکَرَهُ
الذَّاکِرُوْنَ وَ غَفَلَ عَنْ ذِکْرِكَ وَ ذِکْرِهِ الْغٰفِلُوْنَ وَ سَلِّمْ
تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا دَآئِمًا ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ بِنُوْرِهِ
السَّارِیْ فِی الْوُجُوْدِ اَنْ تُحْیِیَ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ حَیَاةِ قَلْبِهٖ
الْوَاسِعِ لِکُلِّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا وَّ هُدًی وَّ بُشْرٰی
لِلْمُسْلِمِیْنَ وَ اَنْ تَشْرَحَ صُدُوْرَنَا بِنُوْرِ صَدْرِهِ الْجَامِعِ
مَا فَرَّطْنَا فِی الْکِتَابِ مِنْ شَیْءٍ وَّ ضِیَآءً وَّ ذِکْرٰی
لِلْمُتَّقِیْنَ وَ تُطَهِّرَ نُفُوْسَنَا بِطَهَارَةِ نَفْسِهِ الزَّکِیَّةِ

الْمَرْضِيَّةِ وَ تُعَلِّمَنَا بِاَنْوَارِ عُلُوْمِ وَ كُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ
فِيْ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ وَّ تُسْرِيَ سَرَآئِرَهٗ فِيْهَا بِلَوَامِعِ اَنْوَارِكَ
حَتّٰى تُغَيِّبَنَا عَنَّا فِيْ حَقِّ حَقِيْقَةٍ فَيَكُوْنُ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
فِيْنَا بِقَيُّوْمِيَّتِكَ السَّرْمَدِيَّةِ فَنَعِيْشُ بِرُوْحِهٖ عَيْشَ الْحَيَاةِ
الْاَبْدِيَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ
تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا اٰمِيْنَ بِفَضْلِكَ وَ رَحْمَتِكَ عَلَيْنَا يَا حَنَّانُ
يَا مَنَّانُ يَا رَحْمٰنُ وَ بِتَجَلِّيَاتِ مُنَازِلَاتِكَ فِيْ مِرْاٰةِ
شُهُوْدِهٖ لِمُنَازِلَاتِ تَجَلِّيَاتِكَ فَنَكُوْنَ فِي الْخُلَفَآءِ
الرَّشِدِيْنَ فِيْ وَلَايَةِ الْاَقْرَبِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ
عَلٰى سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ جَمَالِ لُطْفِكَ وَ حَنَانِ
عَطْفِكَ وَ جَلَالِ مُلْكِكَ وَ كَمَالِ قُدْسِكَ النُّوْرِ
الْمُطْلَقِ بِسِرِّ الْمَعِيَّةِ الَّتِيْ لَاتَتَقَيَّدُ الْبَاطِنَ مَعْنًى فِيْ

غَيْبِكَ الظَّاهِرِ حَقًّا فِيْ شَهَادَتِكَ شَمْسِ الْاَسْرَارِ
الرَّبَّانِيَّةِ مَجْلٰى حَضْرَةِ الْحَضَرَاتِ الرَّحْمَانِيَّةِ مَنَازِلِ
الْكُتُبِ الْقَيِّمَةِ وَ نُوْرِ الْاٰيَاتِ الْبَيِّنَةِ الَّذِيْ خَلَقْتَهٗ مِنْ
نُّوْرِ ذَاتِكَ وَ حَقَّقْتَهٗ بِاَسْمَآئِكَ وَ صِفَاتِكَ وَ خَلَقْتَ مِنْ
نُّوْرِهِ الْاَنْبِيَآءَ وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ تَعَرَّفْتَ اِلَيْهِمْ بِاَخْذِ
الْمِيْثَاقِ عَلَيْهِمْ بِقَوْلِكَ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ
مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ ثُمَّ
جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ
لَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ
قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ○
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى بَهْجَةِ الْكَمَالِ وَ تَاجِ الْجَلَالِ وَ

بَهَآءِ الْجَمَالِ وَ شَمْسِ الْوِصَالِ وَ عَبَقِ الْوُجُوْدِ وَ حَيَاةِ
كُلِّ مَوْجُوْدٍ عِزِّ جَلَالِ سَلْطَنَتِكَ وَ جَلَالِ عِزِّ
مَمْلُكَتِكَ وَ مَلِيْكِ صُنْعِ قُدْرَتِكَ وَ طِرَازِ الصَّفْوَةِ مِنْ
اَهْلِ صَفْوَتِكَ وَ خُلَاصَةِ الْخَآصَّةِ مِنْ اَهْلِ قُرْبِكَ سِرِّ
اللّٰهِ الْاَعْظَمِ وَ حَبِيْبِ اللّٰهِ الْاَكْرَمِ وَ خَلِيْلِ اللّٰهِ الْمُكَرَّمِ
سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ اَللّٰهُمَّ
اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِهٖٓ اِلَيْكَ وَ نَتَشَفَّعُ بِهٖ لَدَيْكَ صَاحِبِ
الشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى وَ الْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى وَ الشَّرِيْعَةِ الْغَرَّآءِ
وَ الْمَكَانَةِ الْعُلْيَا وَ الْمَنْزِلَةِ الزُّلْفٰى وَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ
اَدْنٰى اَنْ تُحَقِّقَنَا بِهٖ ذَاتًا وَّ صِفَاتٍ وَّ اَسْمَآءً وَّ اَفْعَالًا وَّ
اٰثَارًا حَتّٰى لَا نَرٰى وَ لَا نَسْمَعُ وَ لَا نُحِسُّ وَ لَا نَجِدُ اِلَّآ
اِيَّاكَ، اِلٰهِىْ سَيِّدِىْ بِفَضْلِكَ وَ رَحْمَتِكَ اَسْاَلُكَ اَنْ

تَجْعَلَ هُوِيَّتَنَا عَيْنَ هُوَيَّتِهٖ فِيْٓ اَوَآئِلِهٖ وَ نِهَايَتِهٖ بِوُدِّ خُلَّتِهٖ
وَ صَفَآءِ مَحَبَّتِهٖ وَ فَوَاتِحِ اَنْوَارِ بَصِيْرَتِهٖ وَ جَوَامِعِ
اَسْرَارِ سَرِيْرَتِهٖ وَ رَحِيْمِ رَحْمَآئِهٖ وَ نَعِيْمِ نَعْمَآئِهٖ ط اَللّٰهُمَّ
اِنَّا نَسْئَلُكَ بِجَاهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ الْمَغْفِرَةَ وَ الرِّضَا وَ الْقَبُوْلَ قَبُوْلًا تَآمًّا لَّاتِكِلْنَا
فِيْهِ اِلٰٓى اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَيْنٍ يَا نِعْمَ الْمُجِيْبُ فَقَدْ دَخَلَ
الدَّخِيْلُ يَا مَوْلَايَ بِجَاهِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ غُفْرَانَ ذُنُوْبِ الْخَلْقِ بِاَجْمَعِهِمْ اَوَّلِهِمْ
وَ اٰخِرِهِمْ بَرِّهِمْ وَ فَاجِرِهِمْ كَقَطْرَةٍ فِيْ بَحْرِ جُوْدِكَ
الْوَاسِعِ الَّذِيْ لَا سَاحِلَ لَهٗ ط فَقَدْ قُلْتَ وَ قَوْلُكَ الْحَقُّ
الْمُبِيْنُ وَ مَآ اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ

الْعَظْمُ مِنِّیْ وَ اشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَّ لَمْ اَکُنْ بِدُعَآئِكَ
رَبِّ شَقِیًّا ط رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ
الرَّاحِمِیْنَ ط رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ط یَا
عَوْنَ الضُّعَفَآءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ یَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰی یَا
مُنْجِیَ الْهَلْکٰی یَا نِعْمَ الْمَوْلٰی یَا اَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلَی الْجَامِعِ
الْاَکْمَلِ الْقُطْبِ الرَّبَّانِیِّ الْاَفْضَلِ طِرَازِ حُلَّةِ الْاِیْمَانِ وَ
مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَ الْاِحْسَانِ صَاحِبِ الْهِمَمِ السَّمَائِیَّةِ وَ
الْعُلُوْمِ اللَّدُنِیَّةِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی مَنْ خَلَقْتَ الْوُجُوْدَ

لِاَجْلِهٖ وَ رَخَّصْتَ الْاَشْيَآءَ بِسَبَبِهٖ مُحَمَّدِنِ الْمَحْمُوْدِ
صَاحِبِ الْمَكَارِمِ وَ الْجُوْدِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ
الْاَقْطَابِ السَّابِقِيْنَ اِلٰى جَنَابِ ذٰلِكَ الْجَنَابِ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الْبَهِيِّ وَ الْبَيَانِ
الْجَلِيِّ وَ اللِّسَانِ الْعَرَبِيِّ وَ الدِّيْنِ الْحَنِيْفِيِّ رَحْمَةٍ
لِّلْعٰلَمِيْنَ الْمُؤَيَّدِ بِالرُّوْحِ الْاَمِيْنِ وَ بِالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ وَ
خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ وَ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى مَنْ خَلَقْتَهٗ مِنْ نُّوْرِكَ وَ جَعَلْتَ
كَلَامَهٗ مِنْ كَلَامِكَ وَ فَضَّلْتَهٗ عَلٰٓى اَنْۢبِيَآئِكَ وَ اَوْلِيَآئِكَ وَ
جَعَلْتَ السِّعَايَةَ مِنْكَ اِلَيْهِ وَ مِنْهُ اِلَيْهِمْ كَمَالِ كُلِّ وَلِيٍّ
لَّكَ وَ هَادِىْ كُلِّ مُغَفَّلٍ عَنْكَ هَادِى الْخَلْقِ اِلَى الْحَقِّ

تَارِكِ الْاَشْيَآءِ لِاَجْلِكَ وَ مَعْدِنِ الْخَيْرٰتِ بِفَضْلِكَ وَ
خَاطَبْتَهٗ عَلٰى بِسَاطِ قُرْبِكَ وَ كَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ
عَظِيْمًا۔ الْقَآئِمِ لَكَ فِيْ لَيْلِكَ وَالصَّآئِمِ لَكَ فِيْ نَهَارِكَ وَ
الْهَآئِمِ بِكَ فِيْ جَلَالِكَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّكَ
الْخَلِيْفَةِ فِيْ خَلْقِكَ الْمُشْتَغِلِ بِذِكْرِكَ الْمُتَفَكِّرِ فِيْ
خَلْقِكَ وَ الْاَمِيْنِ لِسِرِّكَ وَ الْبُرْهَانِ لِرُسُلِكَ الْحَاضِرِ
فِيْ سَرَآئِرِ قُدْسِكَ وَ الْمُشَاهِدِ لِجَمَالِ جَلَالِكَ سَيِّدِنَا
وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ الْمُفَسِّرِ لِاٰيَاتِكَ وَ الظَّاهِرِ فِيْ
مُلْكِكَ وَ الْغَآئِبِ فِيْ مَلَكُوْتِكَ وَ الْمُتَخَلِّقِ بِصِفَاتِكَ وَ
الدَّاعِيْ اِلٰى جَبَرُوْتِكَ الْحَضْرَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَ الْبُرْدَةِ
الْجَلَالِيَّةِ وَ السَّرَابِيْلِ الْجَمَالِيَّةِ الْعَرِيْشِ السَّقِيِّ وَ
الْحَبِيْبِ النَّوِيِّ وَ النُّوْرِ الْاِلٰهِيِّ وَ الدُّرِّ النَّقِيِّ

وَالْمِصْبَاحِ الْقَوِيِّ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا
مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَ مَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَ رُوْحِ اَرْوَاحِ
عِبَادِكَ الدُّرَّةِ الْفَاخِرَةِ وَ الْعَقِيْقَةِ النَّافِحَةِ لُؤْلُؤِ
الْمَوْجُوْدَاتِ وَ حَآءِ الرَّحْمَاتِ وَ جِيْمِ الدَّرَجَاتِ وَ
سِيْنِ السَّعَادَاتِ وَ نُوْنِ الْعِنَايَاتِ وَ كَمَالِ الْكُلِّيَّاتِ وَ
مَنْشَأِ الْاَزَلِيَّاتِ وَ خَتْمِ الْاَبَدِيَّاتِ الْمَشْغُوْلِ بِكَ عَنِ
الْاَشْيَآءِ الدُّنْيَوِيَّاتِ الطَّاعِمِ مِنْ ثَمَرَاتِ الْمُشَاهَدَاتِ
الْمَسْقِيِّ مِنْ اَسْرَارِ الْقُدْسِيَّاتِ الْعَالِمِ بِالْمَاضِى وَ
الْمُسْتَقْبِلَاتِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ
الْاَخْيَارِ وَ اَصْحَابِهِ الْاَبْرَارِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى

رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَ عَلٰى جَسَدِهٖ فِي
الْاَجْسَادِ وَ عَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ وَ عَلٰى اسْمِهٖ فِي
الْاَسْمَآءِ وَ عَلٰى مَنْظَرِهٖ فِي الْمَنَاظِرِ وَ عَلٰى سَمْعِهٖ فِي
الْمَسَامِعِ وَ عَلٰى حَرَكَتِهٖ فِي الْحَرَكَاتِ وَ عَلٰى سُكُوْنِهٖ
فِي السَّكَنَاتِ وَ عَلٰى قُعُوْدِهٖ فِي الْقُعُوْدَاتِ وَ عَلٰى
قِيَامِهٖ فِي الْقِيَامَاتِ وَ عَلٰى لِسَانِهِ الْبَشَّاشِ الْاَزَلِيِّ وَ
الْخَتْمِ الْاَبَدِيِّ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَعْطَيْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ وَ
فَضَّلْتَهٗ وَ نَصَرْتَهٗ وَ اَعَنْتَهٗ وَ قَرَّبْتَهٗ وَ اَدْنَيْتَهٗ وَ سَقَيْتَهٗ وَ
مَكَّنْتَهٗ وَ مَلَاْتَهٗ بِعِلْمِكَ الْاَنْفَسِ وَ بَسَطْتَهٗ بِحُبِّكَ
الْاَطْوَسِ وَ زَيَّنْتَهٗ بِقَوْلِكَ الْاَقْبَسِ فَخْرِ الْاَفْلَاكِ وَ عَذْبِ

الْاَخْلَاقِ وَ نُوْرِكَ الْمُبِيْنِ وَ عَبْدِكَ الْقَدِيْمِ وَ حَبِيْلِكَ
الْمَتِيْنِ وَ حِصْنِكَ الْحَصِيْنِ وَ جَلَالِكَ الْحَكِيْمِ وَ
جَمَالِكَ الْكَرِيْمِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ مَصَابِيْحِ الْهُدٰى وَ قَنَادِيْلِ الْوُجُوْدِ وَ كَمَالِ
السُّعُوْدِ الْمُطَهَّرِيْنَ مِنَ الْعُيُوْبِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلَيْهِ
صَلٰوةً تَحُلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَ رِيْحًا تَفُكُّ بِهَا الْكُرَبَ وَ
تَرَحُّمًا تُزِيْلُ بِهِ الْعَطَبَ وَ تَكْرِيْمًا تَقْضِىْ بِهِ الْاَرَبَ يَا
رَبِّ يَآ اَللّٰهُ يَا حَىُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ
نَسْئَلُكَ ذَالِكَ مِنْ فَضَآئِلِ لُطْفِكَ وَ غَرَآئِبِ فَضْلِكَ يَا
كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى عَبْدِكَ وَ نَبِيِّكَ
وَ رَسُوْلِكَ سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ
الرَّسُوْلِ الْعَرَبِيِّ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَ

ذُرِّيَّاتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَآءً وَّ لِحَقِّهٖ
اَدَآءً وَّ اٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَ الْفَضِيْلَةَ وَ الشَّرَفَ وَ الدَّرَجَةَ
الْعَالِيَةَ الرَّفِيْعَةَ وَ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ وَ نَسْئَلُكَ وَ
نَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِكِتَابِكَ الْعَزِيْزِ وَ نَبِيِّكَ الْكَرِيْمِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ بِشَرَفِهِ الْمَجِيْدِ
وَ اَبَوَيْهِ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ بِصَاحِبِهٖ اَبِىْ بَكْرٍ وَّ عُمَرَ
وَ ذِى النُّوْرَيْنِ عُثْمَانَ وَ اٰلِهٖ فَاطِمَةَ وَعَلِيٍّ وَّوَلَدَيْهِمَا
الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ وَ عَمَّيْهِ حَمْزَةَ وَ الْعَبَّاسِ وَ زَوْجَتَيْهِ
خَدِيْجَةَ وَ عَآئِشَةَ o اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلَيْهِ وَ عَلٰى
اَبَوَيْهِ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ عَلٰٓى اٰلِ كُلٍّ وَّصَحْبِ كُلٍّ
صَلٰوةً يُّتَرْجِمُهَا لِسَانُ الْاَزَلِ فِىْ رِيَاضِ الْمَلَكُوْتِ وَ

عَلِيِّ الْمَقَامَاتِ وَ نَيْلِ الْكَرَامَاتِ وَ رَفْعِ الدَّرَجَاتِ وَ
يَنْطِقُ بِهَا لِسَانُ الْأَبَدِ فِيْ حَضِيْضِ النَّاسُوْتِ بِغُفْرَانِ
الذُّنُوْبِ وَ كَشْفِ الْكُرُوْبِ وَ دَفْعِ الْمُهِمَّاتِ كَمَا هُوَ
اللَّائِقُ بِالْهِيَّتِكَ وَ شَانِكَ الْعَظِيْمِ وَ كَمَا هُوَ اللَّائِقُ
بِاَهْلِيَّتِهِمْ وَ مَنْصَبِهِمُ الْكَرِيْمِ بِخُصُوْصِ خَصَآئِصِ
يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ
اَللّٰهُمَّ حَقِّقْنَا بِسَرَآئِرِهِمْ فِيْ مَدَارِجِ مَعَارِفِهِمْ بِمَثُوْبَةِ
الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنْكَ الْحُسْنٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ الْفَوْزِ بِالسَّعَادَةِ الْكُبْرٰى بِمَوَدَّتِهٖ
الْقُرْبٰى وَ غُمَّنَا فِيْ عِزَّةِ الْمَصْمُوْدِ فِيْ مَقَامِهِ الْمَحْمُوْدِ
تَحْتَ لِوَآئِهِ الْمَعْقُوْدِ وَ اسْقِنَا مِنْ حَوْضِ عِرْفَانِ
مَعْرُوْفِهِ الْمَوْرُوْدِ يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرُوْزِ بِشَارَةٍ قُلْ تُسْمَعْ وَ سَلْ تُعْطَ وَ
اشْفَعْ تُشَفَّعْ بِظُهُوْرِ بِشَارَةٍ وَ لَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ
فَتَرْضٰى تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ يَاذَاالْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ۔ اَللّٰهُمَّ
اِنَّا نَعُوْذُ بِعِزِّ جَلَالِكَ وَ بِجَلَالِ عِزَّتِكَ وَ بِقُدْرَةِ
سُلْطَانِكَ وَ بِسُلْطَانِ قُدْرَتِكَ وَ بِحُبِّ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ وَ الْاَهْوَآءِ
الرَّدِيَّةِ يَا ظَهِيْرَ اللَّاجِيْنَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ اَجِرْنَا مِنَ
الْخَوَاطِرِ النَّفْسَانِيَّةِ وَ احْفَظْنَا مِنَ الشَّهَوَاتِ
الشَّيْطَانِيَّةِ وَ طَهِّرْنَا مِنْ قَاذُوْرَاتِ الْبُشَرِيَّةِ وَ صَفِّنَا
بِصَفَآءِ الْمَحَبَّةِ الصِّدِّيْقِيَّةِ مِنْ صَدَءِ الْغَفْلَةِ وَ وَهْمِ
الْجَهْلِ حَتّٰى تَضْمَحِلَّ رُسُوْمُنَا بِفَنَآءِ الْاَنَانِيَّةِ وَ مُبَايَنَةِ
الطَّبِيْعَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ فِيْ حَضْرَةِ الْجَمْعِ وَ التَّخْلِيَةِ وَ

التَّخَلِّیْ بِالْاُلُوْهِیَّةِ الْاَحَدِیَّةِ وَ التَّجَلِّیْ بِالْحَقَآئِقِ
الصَّمَدَانِیَّةِ فِیْ شُهُوْدِ الْوَحْدَانِیَّةِ حَیْثُ لَا حَیْثُ وَ لَا
اَیْنَ وَ لَا کَیْفَ وَ یَبْقَی الْکُلُّ لِلّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ مِنَ
اللّٰهِ وَ اِلَی اللّٰهِ وَ مَعَ اللّٰهِ غَرْقًا بِنِعْمَةِ اللّٰهِ فِیْ بَحْرِ مِنَّةِ
اللّٰهِ مَنْصُوْرِیْنَ بِسَیْفِ اللّٰهِ مَخْصُوْصِیْنَ بِمَکَارِمِ اللّٰهِ
مَلْحُوْظِیْنَ بِعَیْنِ اللّٰهِ مَحْظُوْظِیْنَ بِعِنَایَةِ اللّٰهِ مَحْفُوْظِیْنَ
بِعِصْمَةِ اللّٰهِ مِنْ کُلِّ شَاغِلٍ یَّشْغَلُ مِنَ اللّٰهِ وَخَاطِرٍ یَّخْطُرُ فِیْ
غَیْرِ اللّٰهِ یَآ رَبِّ یَآ اَللّٰهُ یَا رَبِّ یَآ اَللّٰهُ وَ مَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا
بِاللّٰهِ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَ اِلَیْهِ اُنِیْبُ ۔ اَللّٰهُمَّ اشْغَلْنَا بِکَ وَ
هَبْ لَنَا هِبَةً لَّا سَعَةَ فِیْهَا لِغَیْرِکَ وَ لَا مَدْخَلَ فِیْهَا
لِسِوَاکَ وَ سَعَةً بِالْعُلُوْمِ الْاِلٰهِیَّةِ وَ الصِّفَاتِ الرَّبَّانِیَّةِ وَ

اَلْاَخْلَاقِ الْمُحَمَّدِيَّةِ وَقَوِّ عَقَائِدَنَا الْجَمِيْلِ وَ
حَقِّ الْيَقِيْنِ وَ حَقِيْقَةِ التَّمْكِيْنِ وَسَدِّدْ اَحْوَالَنَا بِالتَّوْفِيْقِ
وَ السَّعَادَةِ وَ حُسْنِ الْيَقِيْنِ وَ شُدَّ قَوَاعِدَنَا عَلٰى صِرَاطِ الصِّدْقِ
وَالْاِسْتِقَامَةِ وَقَوَاعِدِ الْعِزِّالرَّصِيْنِ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ
الشُّهَدَآءِ وَ الصَّالِحِيْنَ وَشَيِّدْ مَقَاصِدَنَا فِى الْمَجْدِ
الْاَثِيْلِ عَلٰى اَعْلٰى ذِرْوَةِ الْكِرَامِ وَ عَزَآئِمِ اُولِى الْعَزْمِ
مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا غِيَاثَ
الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا بِاَلْطَافِ رَحْمَتِكَ مِنْ ضَلَالِ الْبُعْدِ وَ
اشْمَلْنَا بِنَفَحَاتِ عِنَايَتِكَ فِىْ مَصَارِعِ الْحُبِّ وَ

اَسْعِفْنَا بِاَنْوَارِ هِدَايَتِكَ فِيْ حَضَآئِرِ الْقُرْبٰى وَاَيِّدْنَا
بِنَصْرِكَ الْعَزِيْزِ نَصْرًا مُّعَزَّرًا بِالْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ بِفَضْلِكَ
وَ رَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ اِنَّكَ اَنْتَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَ تُبْ عَلَيْنَآ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ
اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ۔ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ يَا
ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ يَا جَابِرَ كُلِّ كَسِيْرٍ يَا صَاحِبَ كُلِّ
غَرِيْبٍ، يَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ
اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ اَنْتَ وَلِيِّيْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ۔ وَ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ

ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ صَلَوَاتُ
اللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ اَنْبِيَآئِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ جَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى
سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ○ اَللّٰهُمَّ
اَدْخِلْنَا مَعَهٗ بِشَفَاعَتِهٖ وَ ضَمَانِهٖ وَ رِعَايَتِهٖ مَعَ اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ بِدَارِكَ دَارِ السَّلَامِ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ
مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ يَّا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ وَ اَتْحِفْنَا
بِمُشَاهَدَتِهٖ بِلَطِيْفِ مُنَازَلَتِهٖ يَا كَرِيْمُ يَا رَحِيْمُ اَكْرِمْنَا
بِالنَّظَرِ اِلٰى جَمَالِ سُبُحَاتِ وَجْهِكَ الْعَظِيْمِ وَ احْفَظْنَا
بِكَرَامَتِهٖ بِالتَّكْرِيْمِ وَ التَّسْجِيْلِ وَ اَكْرِمْنَا بِنُزُلِهٖ نُزُلًا مِّنْ
غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ فِيْ رَوْضِ رِضْوَانٍ اُحِلَّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِيْ

فَلَا اَسْخَطُ عَلَيْكُمْ اَبَدًا وَّ اُعْطِيْكُمْ مَّفَاتِيْحَ الْغَيْبِ
لِخَزَآئِنِ السِّرِّ الْمَكْنُوْنِ فِيْ مَكْنُوْنٍ جَنَّاتٍ مَّعَارِفِ
صِفَاتِ الْمَعَانِيْ بِاَنْوَارِ ذَاتِ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ وَ
لَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ بِانْعِطَافِ
رَاْفَةِ الرَّاْفَةِ الْمُحَمَّدِيَّةِ مِنْ عَيْنِ عِنَايَةِ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ
ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ فِيْ مَحَاسِنِ قُصُوْرِ ذَخَآئِرِ
سَرَآئِرِ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ
جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فِيْ مِنَصَّةِ مَحَاسِنِ خَوَاتِمِ
دَعْوَاهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلَامٌ وَّ
اٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

259 درود دعوت تامہ

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر اس طرح درود بھیجو۔ (مجمع الزوائد جلد اول)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلَاۃِ الْقَآئِمَۃِ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدِ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَاجْعَلْنَا فِیْ
شَفَاعَتِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ○

حدث پاک میں ہے کہ جس نے مجھ پر دس بار درود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر سو بار درود پاک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو محبت و شوق سے اس سے بھی زیادہ پڑھے گا تو میں قیامت کے دن اس کا شفیع اور گواہ بنوں گا۔

260 درود رفیق دل

حضور ﷺ تمام مخلوقات میں معزز اور افضل ہیں اور آپ کے اسی وصف کا ذکر اس درود پاک میں ہے۔ اس درود پاک کے بے پناہ فیوض و برکات ہیں۔ اس کو بکثرت

پڑھنے سے اللہ تعالیٰ عزت و مرتبہ عطا فرماتا ہے، ہر ملنے والا عزت و احترام سے پیش آتا ہے۔ اس درود پاک کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ خوش اخلاق، نرم دل، روشن ضمیر کر دیتا ہے اور فسق و فجور، لہو و لعب سے محفوظ فرماتا ہے۔ اسے ہر طرح کی تکلیف و نقصان سے بچائے رکھتا ہے۔ جو شخص روزانہ فجر کے بعد اس کو اپنا معمول بنالے، اللہ تعالیٰ اس کے دل کو سکون اور اطمینان عطا فرماتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَ سِرَاجِ
اُفُقِكَ وَ اَفْضَلِ قَآئِمٍ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ
بِتَيْسِيْرِكَ وَ رِفْقِكَ صَلٰوةً يَّتَوَالٰى تَكْرَارُهَا وَ
تَلُوْحُ عَلَى الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا ○

درود نسبت 261

حضور ﷺ سے نسبت دین و دنیا میں فلاح اور نجات کی دلیل ہے اس لئے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کا باطنی تعلق نبی پاک ﷺ سے قائم ہو جائے تو اسے چاہیے ایک مقام مقرر کرے جہاں پڑھائی کے دوران کوئی دخل نہ دے سکے۔ پاکیزہ لباس اور باوضو حالت میں اس درود شریف کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کو چار ماہ تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ حضور ﷺ سے باطنی نسبت قائم ہو جائے گی اور سچے خوابوں اور اشاروں کے ذریعے باطنی رہنمائی حاصل ہونے لگے گی۔

اَللّٰھُمَّ وَ اِلٰی جَنَابِ رَسُوْلِكَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ
سَلَّمَ نَنْتَسِبُ فَلَا تُبْعِدْنَا o وَ بِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا
تَطْرُدْنَا o

262 درود آفتاب ہدایت

نفس کا تزکیہ اللہ تعالیٰ کے ذکر، نماز اور پیارے آقا حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک میں ہے۔ یہ درود پاک تزکیہ نفس کے لیے بہت اکسیر ہے۔ جس شخص کے خیالات راہِ ہدایت کی طرف مائل نہ ہوں وہ اس درود پاک کی کثرت کرے اور رُشد و ہدایت پانے کی نیت سے روزانہ بعد نمازِ فجر کم از کم 111 مرتبہ پڑھے، اللہ کے فضل و کرم سے اس کا دل رُشد و ہدایت کی طرف مائل ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ
عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ ھُوَ اَبْھٰی شُمُوْسِ
الْھُدٰی نُوْرًا وَّ اَبْھَرُھَا o وَ اَسْیَرُ الْاَنْبِیَآءِ فَخْرًا وَّ
اَشْھَرُھَا o وَ نُوْرُہٗ اَزْھَرُ اَنْوَارِ الْاَنْبِیَآءِ وَ اَشْرَفُھَا
وَ اَوْضَحُھَا وَاَزْکَی الْخَلِیْقَةِ اَخْلَاقًا وَّ اَطْھَرُھَاوَ
اَکْرَمُھَا خَلْقًا وَّ اَعْدَلُھَا o

263 درود دافع پریشانی

اس درود شریف کو شیخ شہاب الدین احمد بن عبداللطیف الشرجی الزبیدی رحمۃ اللہ علیہ مؤلف مختصر البخاری نے اپنی کتاب ''الصلاۃ العوائد'' میں ذکر کیا ہے اور ایک نیک آدمی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ جو شخص کسی مصیبت میں گرفتار ہو اور وہ اس درود پاک کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس درود پاک کی برکت سے پڑھنے والے کی مصیبت کو دور فرما دے گا۔ (ان شاء اللہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ
الزَّکِیِّ صَلَاۃً تُحَلُّ بِھَا الْعُقَدُ وَ تُفَکُّ بِھَا
الْکُرَبُ ○

264 درود حصول مراد

یہ درود پاک حضرت عبداللہ باہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ انہوں نے اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ میں حضور ﷺ کے روضہ اقدس پر حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ ان الفاظ میں مجھ پر درود بھیجا کرو۔ اس روز سے انہوں نے اس درود کے پڑھنے کو اپنے معمول میں شامل کر لیا۔

علامہ یوسف نبہانی نے سعادت دارین میں لکھا ہے کہ اس درود پاک کو میرے مشائخ کے شیخ، امام، علامہ، شام کے محدث شیخ عبدالرحمٰن الکزبری رحمۃ اللہ نے اپنی سندات کے مجموعہ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا کہ مجھے اس کی اجازت ہمارے شیخ شریف عبداللہ بن عمر باہلوی حضرمی حسین رحمۃ اللہ علیہ نے دی۔ ان سے میری ملاقات مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ اگر کسی کے دل میں یہ مراد ہو کہ اسے فلاں ملازمت مل جائے تو اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو یکسوئی کے ساتھ چالیس یوم تک روزانہ ستر مرتبہ پڑھے اور ناغہ بالکل نہ ہونے

دے اور اللہ تعالیٰ سے حصول ملازمت کی دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا تو ملازمت مل جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَھَبُ لَنَا
بِھَا اَکْمَلَ الْمُرَادِ وَ فَوْقَ الْمُرَادِ فِیْ دَارِ الدُّنْیَا وَ
دَارِ الْمَعَادِ ط وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ
عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَ زِنَۃَ مَا عَلِمْتَ وَ مِلْءَ مَا
عَلِمْتَ o

دُرُودِ ابن ابی حجلہ (265)

اگر کسی مقام پر کسی وبائی مرض کا حملہ ہو گیا ہو اور وہاں کے رہنے والے یہ چاہتے ہوں کہ وہ اس آفت یا بیماری سے محفوظ رہیں تو انہیں چاہیئے کہ وہ حسب ذیل درود کو کثرت سے پڑھیں اللہ تعالیٰ وہاں سے وبائی مرض کو ختم کر دے گا۔ یہ درود پاک ابن ابی حجلہ سے منسوب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
صَلَاۃً تَعْصِمُنَا بِھَا مِنَ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ
تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ o

266 دُرُود نورِ ذاتی

یہ درود نورِ ذاتی کے نام سے مشہور ہے کیوں کہ حضور ﷺ پر اللہ تعالیٰ کے نور کی تجلی ہمہ وقت جلوہ گر رہتی ہے اس لئے اسے ذاتی نور کہا گیا ہے۔ یہ درودِ پاک سید ابوالحسن شاذلی سے منسوب ہے اور جو کوئی اس درودِ پاک کی کثرت کو اپنا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اس پر اسرارِ ربانی اور اسرار و رموزِ کائنات سے آگاہی کی راہیں کھول دیتا ہے۔

اگر کسی پر تنگی اور سختی آجائے جس وجہ سے وہ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے لگے اور تا حصول مقصد اس پڑھائی کو جاری رکھے اگر اللہ نے چاہا تو اس کی تنگی اور سختی دور ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ سید ابوالحسن شاذلی نے فرمایا ہے کہ غربت اور افلاس کی صورت میں اگر اس درود پاک کو روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیا جائے تو اللہ تعالیٰ مہربانی فرمادے گا اور غربت و افلاس سے نجات مل جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
النُّوْرِ الذَّاتِیِّ وَالسِّرِّ السَّارِیْ فِی سَآئِرِ الْاَسْمَآءِ
وَالصِّفَاتِ ○

درود مزکی 267

درود شریف حصول خیر کا بھی سب سے بڑا ذریعہ ہے جو شخص حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس میں ایسی صلاحیتیں پیدا کر دیتا ہے کہ جن کی بنا پر وہ بھلائی والے کام کرنے لگتا ہے اور اسے برائیوں سے بچنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی تائید اور توفیق حاصل ہو جاتی ہے۔ ہر مقصد کے لئے حسب ذیل درود پاک کو کثرت سے پڑھنا برکت اور پاکیزگی کا باعث بنے گا اور وہ جس کام میں ہاتھ ڈالے گا اسے فتح و کامیابی حاصل ہوگی۔ غیب سے اس کی مدد ہوگی مگر بزرگوں نے اس درود پاک کے پڑھنے کا ایک طریقہ یہ مقرر کیا ہے کہ چاند کا مہینہ جب شروع ہو جائے اور پہلی جمعرات آئے تو بعد نماز مغرب اس درود پاک کو دس مرتبہ پڑھا جائے۔ دوسرے روز یعنی جمعہ کے دن بیس مرتبہ پڑھا جائے۔ تیسرے دن یعنی ہفتہ کے روز تیس مرتبہ اور چوتھے دن یعنی اتوار کے روز چالیس مرتبہ، پانچویں روز یعنی پیر کے دن پچاس مرتبہ اور اگلے روز یعنی منگل کے دن ساٹھ مرتبہ پڑھا جائے اور ساتویں روز یعنی بدھ کے دن ستر مرتبہ اس درود پاک کو پڑھا جائے۔ غرضیکہ اس طرح پورا ہفتہ درود پاک کی تلاوت کرے اور سات ماہ تک اس عمل کو جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ درود پاک پڑھنے کے باعث ہر کام میں فتح و کامیابی عطا فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ الصَّلَوَاتِ وَ اَسْمَی
الْبَرَکَاتِ وَ اَزْکَی التَّحِیَّاتِ فِیْ جَمِیْعِ الْاَوْقَاتِ
عَلٰی اَشْرَفِ الْمَخْلُوْقَاتِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ اَکْمَلِ اَھْلِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ وَ سَلِّمْ

عَلَيْهِ يَا رَبَّنَا اَزْكَى التَّحِيَّاتِ فِيْ جَمِيْعِ
الْحَضَرَاتِ وَاللَّحَظَاتِ ط

26H درود انتہائے کمالات

یہ درود شریف بعض بزرگوں نے اپنی کتب میں درج کیا ہے اور اس درود شریف کے الفاظ انتہائی بلیغ اور جامع ہیں لہٰذا جو شخص اپنے باطن کی اصلاح چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ ذکر کرنے سے پہلے اس درود پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے اس کا باطن کھلنے کا کوئی نہ کوئی ذریعہ بن جائے گا اور حصول معرفت کے لئے رہنمائی میسر آجائے گی اور ایک وقت آئے گا کہ اس درود کی تلاوت کی وجہ سے اسے قرب خداوندی بھی حاصل ہوگا اس پر تحصیل علم کی راہیں کھل جائیں گی۔ اس کے دل میں حضور ﷺ کی محبت موجزن ہوجائے گی۔

سَلَامُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ رَحْمَتُهٗ وَ بَرَكَاتُهٗ عَلٰى
جَمِيْعِ عَوَالِمِكَ الْمُمْتَدَّةِ كُلِّهَا ثُمَّ السَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا خَلِيْلَهٗ ثُمَّ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَهٗ ثُمَّ
السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَهٗ ثُمَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ
كَصَلٰوةِ اِبْرَاهِيْمَ مِنْ حَيْثُ شَرِيْعَتِكَ وَ كَصَلٰوةِ
مَلٰٓئِكَتِهٖ مِنْ حَيْثُ حَقِيْقَتِكَ وَ كَصَلٰوتِهٖ سُبْحٰنَهٗ

وَ تَعَالٰی مِنْ حَیْثُ حَقِّهٖ وَ رَحْمَانِیَّتِهٖ ثُمَّ السَّلَامُ
عَلَیْكَ یَا مَنْ جَاوَزَ فِی السَّمٰوَاتِ مَقَامَاتِ
الرُّسُلِ وَ الْاَنْبِیَآءِ وَزَادَ رِفْعَةً وَّاسْتِعْلَآءً عَلٰی
ذَوَاتِ الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَ بَلَغَ الْغَایَةَ الْقُصْوٰی
وَالْمَقْصُوْدَ الَّذِیْ عَجَزَتْ عَنْهُ قُوَّةُ اُولِی النُّهٰی
وَ نَبَّهَهٗ لِسَانُ مَفْهُوْمِ قَوْلِهٖ وَ اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ
الْمُنْتَهٰی وَ كَانَ بِالْقُرْبِ مِنَ الْمَعْنَی الْوُجُوْدِیِّ
اَقْرَبَ اِلَیْهِ مِنَ الْمَلَكِ وَ اسْتَوْلٰی بِذَاتِ كَمَالِهٖ
عَلٰی مَوْضُوْعِ جُمْلَةِ الْفُلْكِ ثُمَّ السَّلَامُ عَلَیْكَ
یَا مَنْ ظَهَرَ بِالْكَمَالَاتِ وَ بُشِّرَبِهٖ فِیْ عَالَمِ
الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ ○

دُرُود تقویٰ (269)

علامہ ابن الشتہر کا کہنا ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد کروں جو سب سے افضل ہو اور اب تک کسی مخلوق نے نہ کی ہو جو اولین اور آخرین اور ملائکہ مقربین

آسمان والوں اور زمین والوں سے افضل ہو تو اسے یہ درود پاک پڑھنا چاہیے۔

بعض اوقات لوگوں سے نادانستہ گناہ ہو جاتے ہیں تو جب ایسی صورتحال ہو تو اللہ تعالیٰ سے اس درود کی پڑھائی کے وسیلے سے بخشش طلب کرنا بڑا ہی فائدہ مند ہے۔ لہٰذا جب کوئی گناہوں سے تائب ہو کر اللہ کی راہ پر آنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اکیس مرتبہ استغفار کرے اس کے بعد اس درود پاک کو پڑھنا شروع کر دے اور سارے دن میں تقریباً تین سو تیرہ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے گا۔ اس کا دل نیک کاموں کی طرف راغب ہو جائے گا اور اللہ اسے اپنی پناہ میں رکھے گا اس طرح وہ اللہ کی مہربانی سے گناہوں سے محفوظ رہنے لگے گا۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ، وَافْعَلْ بِنَا مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ،
فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَ اَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ o

دُرُود مرتضٰی (270)

یہ درود برکات کثیرہ اور بہت فضیلت کا حامل ہے اور بعض بزرگان دین کے معمولات میں سے ہے جو شخص اس درود پاک کو صدق دل سے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے قیامت کے روز صالحین اور شہدا کے گروہ میں شامل ہوگا۔ یہ درود پاک ثواب کے لحاظ سے بھی بے شمار نیکیوں کے مترادف ہے۔ اس کے ایک ایک لفظ کے بدلے میں ہزار ہزار نیکی ملے گی۔ اس درود کے طفیل پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ بیماری کی حالت میں اگر یہ درود کثرت سے پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ صحت بحال کر دے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی رَسُوْلِکَ

الْمُصْطَفٰى وَ نَبِيِّكَ الْمُرْتَضٰى وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ ○

271 دُرُود تعریف نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص یہ چاہے کہ اسے کسی قسم کی ذہنی پریشانی نہ آئے تو اسے چاہیئے کہ عشاء کی نماز کے بعد اسی جگہ پر بیٹھ کر باوضو حالت میں اس درود پاک کو 41 مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے ذہنی سکون کے حصول کی التجا کرے اور اس وظیفہ کو ایک ماہ تک جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اسے ذہنی سکون عطا فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّحَابِ
الْجَارِيَةِ وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّيَاحِ
الذَّارِيَةِ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا هَبَّتْ عَلَيْهِ الرِّيَاحُ وَ حَرَّكَتْهُ مِنَ
الْاَغْصَانِ وَالْاَشْجَارِ وَ الْاَوْرَاقِ وَالثِّمَارِ وَ
جَمِيْعِ مَا خَلَقْتَ عَلٰى اَرْضِكَ وَ بَيْنَ سَمٰوَاتِكَ

مِنْ یَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ کُلِّ
یَوْمٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ ○

272 دُرُود علم اللہ

یہ درود پاک نبی کریم ﷺ کا قرب حاصل کرنے کے لئے انتہائی مؤثر ہے۔
حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ قیامت کے دن لوگوں میں سے میرے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر زیادہ درود پڑھا ہوگا۔

اس درود پاک کو اگر ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لیا جائے تو پڑھنے والے کو سکون قلبی حاصل ہوگا۔ اگر کوئی شخص قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور ادائیگی قرض کا کوئی ذریعہ بنتا ہوا نظر نہ آتا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ نماز فجر کے بعد اس درود پاک کو روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ دعا قبول فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِهٖ
وَ صَحْبِهٖ عَدَدَ الثَّرٰی الْبُرٰی وَالْوَرٰی وَ عَدَدَ مَا
کَانَ وَ مَا یَکُوْنُ وَ مَا هُوَ کَآئِنٌ فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ اِلٰی
یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ عَدَدَ الرِّمَالِ ذَرَّةً

ذَرَّةً ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ عَدَدَ کُلِّ ذَرَّةٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ط

273 دُرُود قائد الخیر صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اس درود پاک کی کثرت کرنے والے پر اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اس کو خاص فیوض و برکات عطا ہوتے ہیں۔ اللہ کی رحمت سے دینی و دنیوی مرادیں بر آتی ہیں اور رنج و غم سے نجات ملتی ہے۔ جو کوئی ہر پیر کو بعد نماز عشاء ستر مرتبہ اس درود شریف کا معمول بنالے، اللہ تعالیٰ اس کے دل کو حب رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے معمور فرماتا ہے اور اپنی بارگاہ سے خیر و برکت عطا فرماتا ہے۔ اپنی خاص نعمتوں سے نوازتا ہے۔ اجابت دعا کے لئے 11 دن سو مرتبہ روزانہ پڑھ کے اللہ کے حضور سچے دل سے دعا کرے، اللہ تعالیٰ رحم فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فَضَآئِلَ صَلَوَاتِكَ وَ شَرَآئِفَ
زَكَوَاتِكَ وَ نَوَامِیَ بَرَكَاتِكَ وَ عَوَاطِفَ رَأْفَتِكَ
وَ رَحْمَتِكَ وَ تَحِیَّتِكَ وَ فَضَآئِلَ اٰلَآئِكَ عَلٰی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ قَآئِدِ الْخَیْرِ وَ فَاتِحِ الْبِرِّ وَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ
وَ سَیِّدِ الْاُمَّةِ ○

274 دُرُود مفضال

حضور نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ خوبیوں اور فضیلتوں سے نوازا جن میں سے چند ایک کا ذکر اس درود پاک میں ہے اس لیے اسے درود مفضال کہا جاتا ہے۔ جو شخص روزانہ کام کرنے سے قبل اس درود پاک کو ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ اسے بخوبی وہ کام سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائے گا اور اس کے کام میں برکت پیدا ہو جائے گی، اور کام کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہوگی۔

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی حاجت پوری ہو تو اس کے لئے وہ خلوت کے مقام پر پیر کی رات کو چار رکعت نوافل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد نو مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے، تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے، چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد تیرہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے، پھر سلام پھیرنے کے بعد سات بار استغفار پڑھے اس کے بعد سترہ مرتبہ اس درود پاک کی تلاوت کرے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی حاجت پیش کرے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰھُمَّ دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ وَ
بَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ وَ جَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰى
فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَ سَعِيْدِهَا، اِجْعَلْ شَرَآئِفَ

صَلَوَاتِكَ وَ نَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَ رَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ الْفَاتِحِ لِمَآ
اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ
وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْاَبَاطِيْلِ كَمَا حُمِّلَ
فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِزًا فِيْ
مَرْضَاتِكَ وَاعِيًا لِّوَحْيِكَ حَافِظًا لِّعَهْدِكَ مَاضِيًا
عَلٰى نِفَاذِ اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِّقَابِسٍ اَلْآءُ
اللّٰهِ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابُهٗ بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ
خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَ اَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ
الْاَعْلَامِ وَ نَآئِرَاتِ الْاَحْكَامِ وَ مُنِيْرَاتِ
الْاِسْلَامِ فَهُوَ اَمِيْنُكَ الْمَاْمُوْنُ وَ خَازِنُ عِلْمِكَ
الْمَخْزُوْنِ وَ شَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ وَ بَعِيْثُكَ نِعْمَةً
وَّ رَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً ○

275 دُرود ذی جاہ

یہ درود دلائل الخیرات میں بیان ہوا ہے اور اس درود پاک کے الفاظ میں یہ التجا کی گئی ہے کہ اے اللہ تو نے زمین و آسمان میں جو پیدا کیا ہے یا جو مزید پیدا کرے گا ان کی تعداد کے مطابق اپنے نبی ﷺ پر درود بھیج غرضیکہ اس درود پاک میں یہ کہا گیا ہے کہ یا اللہ قیامت تک شب و روز اپنے نبی ﷺ کی شان کو دوبالا کرتا رہ۔ لہٰذا جو شخص اس درود پاک کی کثرت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا اور آخرت کی زندگی میں سربلندی عطا فرمائے گا۔ اس کے گناہ معاف کر کے اس کی نیکیوں میں اضافہ فرما دے گا۔ دنیا اور موت کے بعد کی زندگی میں وہ فلاح پائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ مِلْأَ
الْفَضَآءِ وَ عَدَدَ النُّجُوْمِ فِی السَّمَآءِ صَلٰوۃً
تُوَازِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَ
مَآ اَنْتَ خَالِقُہٗٓ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ○

276 دُرود افضلیت

اس درود پاک کی کثرت سے اللہ پاک چشم خلائق میں عزت و مرتبہ اور بزرگی عطا فرماتا ہے جو کوئی اس درود پاک کو روزانہ بعد نمازِ فجر سورج نکلنے سے پہلے 100 مرتبہ چار ماہ تک پڑھے اور اللہ کے حضور حصول غلبہ اور عزت کے لئے دعا کرے اللہ پاک اپنی

رحمت سے اس کے حق میں خیر و برکت عطا فرماتا ہے اور عزت و بزرگی سے نوازتا ہے۔ اسی طرح اس درود پاک کی کثرت امتحان میں کامیابی اور جائز دلی مرادوں کے حصول کا ذریعہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدًا اَفْضَلَ مَآ اَنْتَ مَسْئُوْلٌ لَّہٗ
اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ○

277 دُرُود خیر الوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ درود حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا ہے وہ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھا کرتے تھے جو شخص اس درود پاک کو روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنائے گا اللہ تعالیٰ اس پر اپنے فضل و کرم کا دروازہ کھول دے گا اور اسے بے پناہ دین و دنیا کی نعمتیں عطا فرمائے گا معاشی تنگی کی حالت میں اس درود کو کثرت سے پڑھنا معاشی تنگی کو دور کرنے کا ذریعہ بنتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے درود پڑھنے والے پر رزق کا دروازہ کھل جاتا ہے اور اس درود پاک کی وجہ سے ہر کام میں اللہ کی مدد بھی شامل حال ہو جاتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا دَآئِمَ الْفَضْلِ عَلَی الْبَرِیَّۃِ یَا بَاسِطَ
الْیَدَیْنِ بِالْعَطِیَّۃِ یَاصَاحِبَ الْمَوَاھِبِ السَّنِیَّۃِ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْوَرٰی سَجِیَّۃً وَّاغْفِرْلَنَا
یَا ذَا الْعُلٰی فِیْ ھٰذِہِ الْعَشِیَّۃِ ○

278 دُرُود توصیف النبی ﷺ

اس درود پاک کے الفاظ بظاہر مختصر ہیں لیکن حقیقت میں بہت جامع ہیں جو شخص اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے گا تو اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور یہ درود اس کے گناہوں کا کفارہ بن جائے گا۔ اس درود کے سبب اللہ تعالیٰ اسے برے کاموں سے بچنے کی توفیق عطا فرما دے گا۔ اس کے درجات میں بلندی ہوگی اسے ہر مقام پر سیادت اور عزت حاصل ہوگی ہر کوئی اس کی تکریم کرے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ مَّآ اَبْلَجَ الْاِصْبَاحُ وَ ھَبَّتِ الرِّیَاحُ وَ
دَبَّتِ الْاَشْبَاحُ وَ تعَاقَبَ الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَ
تُقُلِّدَتِ الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ الرِّمَاحُ وَ صَحَّتِ
الْاَجْسَادُ وَالْاَرْوَاحُ ○

279 دُرُودِ محبت

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ ○

امام عبدالوہاب شعرانی نے بیان کیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس نے یہ درود پڑھا تو اس نے اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ستر دروازے اپنی ذات پر کھول لئے اور اللہ

تعالیٰ اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے۔ پس اس شخص سے وہی آدمی بغض رکھے گا جس کے دل میں نفاق ہوگا۔ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ سیدی علی خواص رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس حدیث سے پہلے حضور نبی کریم ﷺ کا وہ ارشاد گرامی بھی ہے جس میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''تم میں سے سب سے زیادہ میرے قریب وہ ہوگا، جس نے جب بھی میرا ذکر کیا، مجھ پر درود پڑھا'' ان دونوں روایتوں کو بعض عارفین نے حضرت سیدنا خضر علیہ السلام سے اور انہوں نے حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کیا اور ہمارے نزدیک یہ دونوں حدیثیں بالکل صحیح ہیں، اگرچہ محدثین کرام نے انہیں اپنی اصطلاحات کے مطابق ثابت نہیں کیا، البتہ اس کی تائید وہ بات کرتی ہے جو امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے صاحب القاموس حضرت مجدالدین فیروز آبادی رحمۃ اللہ علیہ سے امام سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ تک سند کے ساتھ نقل کیا ہے کہ میں نے حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت الیاس علیہ السلام سے سنا، ان دونوں حضرات نے حضور نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا! جو صاحب ایمان "صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ" پڑھے گا لوگ اس سے محبت کریں گے، اگرچہ وہ اس سے بغض ہی رکھتے ہوں اور اللہ کی قسم لوگ اس سے محبت نہیں کرتے، جب تک اللہ تعالیٰ اسے دوست نہ رکھے، اور ہم نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر یہ کہتے سنا، جس شخص نے "صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ" کہا اس نے اپنے اوپر رحمت کے ستر دروازے کھول لئے۔

280 دُرُودِ احترام

یہ درود حصول عزت و عظمت کے لئے بہت اکسیر ہے۔ جو شخص اس درود پاک کو روزانہ صبح اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اللہ اس کی عزت میں اضافہ فرما دیتا ہے۔ ہر شخص اسے احترام کی نظر سے دیکھتا ہے۔ تلاوت کلام اللہ کے وقت شروع اور آخر میں اسے پڑھنا باعث پاکیزگیٔ دل ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّفِیْعِ مَقَامُهُ الْوَاجِبِ
تَعْظِیْمُهٗ وَ احْتِرَامُهٗ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّ لَا
تَفْنٰی سَرْمَدًا وَّ لَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا ○

281 دُرُودِ نورِ ہدایت

یہ درود پاک راہِ ہدایت پر استقامت کے لئے بہت مؤثر ہے لہٰذا جو کوئی چاہے کہ اس کے دل میں خوفِ خدا پیدا ہو جائے اور اسے راہِ ہدایت پر پختگی اور استقامت عطا ہو تو وہ اس درودِ پاک کی کثرت کرے۔ اللہ تعالیٰ اس درود پاک کی برکت سے اسے راہِ ہدایت پر گامزن رکھے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا نُوْرِ الْھُدٰی وَالْقَآئِدِ اِلَی
الْخَیْرِ وَالدَّاعِیْ اِلَی الرُّشْدِ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَ اِمَامِ
الْمُتَّقِیْنَ وَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدَهٗ
كَمَا بَلَّغَ رِسَالَتَكَ وَ نَصَحَ لِعِبَادِكَ وَ تَلَا اٰیَاتِكَ
وَ اَقَامَ حُدُوْدَكَ وَ وَفّٰی بِعَهْدِكَ وَ اَنْفَذَ حُكْمَكَ

وَ اَمَرَ بِطَاعَتِكَ وَ نَهٰى عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَ وَالٰى
وَلِيَّكَ الَّذِىْ تُحِبُّ اَنْ تُوَالِيَهٗ وَ عَادٰى عَدُوَّكَ
الَّذِىْ تُحِبُّ اَنْ تُعَادِيَهٗ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ ○

دُرُود نوویہ 282

اس درود شریف کو امام محی الدین نووی رحمۃ اللہ علیہ نے مناسک میں ذکر فرمایا اور یہ درود شریف کیفیت صلوٰۃ وسلام پر مشتمل ہے جو سرکار مدینہ ﷺ کی زیارت کے وقت پڑھا جاتا ہے۔ امام نووی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ زیارت کرنے والے کو چاہیئے کہ قبر انور کی طرف نیچی نگاہ سے دیکھے اور دل کو تمام دنیاوی تعلقات سے فارغ کر کے باادب ہوکر یہ سلام معتدل آواز سے پیش کرے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ پڑھے اگر یہ تمام سلام یاد نہ ہو یا وقت کی تنگی ہو تو صرف اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ پر ہی اکتفا کر لے۔ امام نووی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے اصحاب نے عتبی کی جو حکایت بیان کی ہے وہ بہت اچھی ہے کہ عتبی فرماتے ہیں کہ میں قبر انور کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک اعرابی نے آکر کہا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ میں نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد سنا ہے: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا میں اپنے گناہوں سے توبہ کر کے آپ کے پاس حاضر ہوا ہوں تا کہ آپ رب عزوجل سے میری شفاعت کریں پھر (روکر) یہ اشعار پڑھنے لگا ؎

یاخیر من دفنت بالقاع اعظمه فطاب من طیبهن القاع والاکم

اے ان سب لوگوں سے افضل جن کو جنگل میں دفن کیا گیا تو ان کی خوشبو سے تمام جنگل اور ٹیلے معطر ہو گئے۔

نفسی فداء لقبر انت ساکنه فیه العفافُ و فیه الجود و الکرم

میری جان اس قبر پر قربان جس میں آپ ﷺ تشریف رکھتے ہیں اور اس میں عفت اور جود و کرم ہے۔

انت الشفیع الذی ترجی شفاعته عَلَی الصراط اذا مازلت القدم

آپ ﷺ وہ شفیع ہو جن کی پل صراط پر شفاعت کی امید کی جاتی ہے جب قدموں میں لغزش واقع ہو۔

پھر وہ استغفار کر کے چلا گیا تو مجھ پر نیند کا غلبہ ہو گیا اور میں نے نبی کریم رءوف و رحیم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا اے عتبی اس اعرابی کو جا کر بشارت دو کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرما دی ہے اور علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے مناسک کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ حبیب خدا ﷺ کے جاہ و برکت سے توسل و تشفع مرسلین اور سلف صالحین کی سنت و سیرت ہے۔ حاکم نے صحیح حدیث بیان کی ہے کہ سید الاولین و الآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے لغزش ہو گئی تو عرض کیا کہ اے پروردگار! میں بحق محمد ﷺ تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری مغفرت فرما دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے آدم! تم نے محمد (ﷺ) کو کس طرح پہچانا حالانکہ میں نے ان کو ظاہر نہیں فرمایا۔ آدم علیٰ نبینا وعلیہ السلام نے عرض کی اے پروردگار! تو نے جب مجھے پیدا کیا تھا اور میں نے سر اٹھایا تھا تو عرش کے پایوں پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھا ہوا دیکھا تھا۔ پس میں سمجھ گیا کہ تو نے اپنے نام کے ساتھ اسی کا ذکر کیا ہوگا جو تمام خلق سے زیادہ تجھ کو محبوب ہے۔ ارشاد ہو صَدقت یا اٰدم انه لاحب الخلق الی و اذا سألتنی بحقه فقد غفرتك ولو لا محمد لما خلقتك

اے آدم تم سچ کہتے ہو۔ بیشک وہ محمد ﷺ مجھ کو تمام خلق سے زیادہ محبوب ہے اور

جب تم نے ان محمد ﷺ کے وسیلہ سے سوال کیا ہے تو میں نے تمہاری مغفرت فرمادی اور اگر محمد ﷺ نہ ہوتے میں تم کو پیدا نہ کرتا۔ اور ترمذی، نسائی نے باسناد صحیح حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ایک (مادر زاد) اندھے نے دربار رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا کہ میری بینائی کے لئے دعا فرمائیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ خواہ دعا کراؤ خواہ صبر کرو مگر صبر ہی بہتر ہے۔ اس نے عرض کیا آپ ﷺ دعا فرمائیں تو آپ نے اس سے فرمایا کہ اچھی طرح وضو کر کے یہ دعا پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ
مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ ط یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ
اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیْ، اَللّٰھُمَّ
شَفِّعْهُ فِیَّ۔

جب وہ یہ (دعا پڑھ کر) آپ کے پاس حاضر ہوا تو اس کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔ (افضل الصلوٰت از علامہ محمد اسماعیل نبھانی)

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَا نَبِیَّ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خِیَرَةَ اللّٰهِ ط
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خَیْرَ خَلْقِ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ
عَلَیْكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰهِ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَذِیْرُ ط

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
طُهْرُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا طَاهِرُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا نَبِيَّ الرَّحْمَةِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَبَا الْقَاسِمِ ط
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ ط
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ ط
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَآئِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ ط
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ عَلٰٓى اٰلِكَ وَ اَهْلِ بَيْتِكَ وَ
اَزْوَاجِكَ وَ ذُرِّيَّتِكَ وَ اَصْحَابِكَ اَجْمَعِيْنَ ○
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ عَلٰى سَآئِرِ الْاَنْبِيَآءِ وَ جَمِيْعِ
عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ط جَزَاكَ اللّٰهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا وَّ رَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ وَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ ذَاكِرٌ وَّ غَفَلَ عَنْ

ذِكْرِكَ غَافِلٌ اَفْضَلَ وَ اَكْمَلَ وَ اَطْيَبَ مَا صَلَّى
عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ ○ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ
اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَـهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّكَ
عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُـهٗ وَ خِيَرَتُـهٗ مِنْ خَلْقِهٖ ط وَ اَشْهَدُ
اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ وَ
نَصَحْتَ الْاُمَّةَ وَ جَاهَدْتَّ فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ط
اَللّٰهُمَّ وَ اٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا
مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِىْ وَ عَدْتَّـهٗ وَ اٰتِهٖ نِهَايَةَ مَا يَنْبَغِىْ اَنْ
يَّسْئَلَهُ السَّآئِلُوْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَ رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ
اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ
عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ط وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ
الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ وَ ذُرِّيَّتِهٖ كَمَا

بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِى
الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

دُرُودِ نجات 283

یہ درود نجات کے نام سے مشہور ہے۔ جو کوئی اس درودِ پاک کا کثرت سے ورد کرے گا۔ آخرت میں نجات پائے گا۔ اللہ رب العزت اپنی رحمت سے اس کی بخشش و مغفرت فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الزَّاهِدِ
رَسُوْلِ الْمَلِكِ الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَ سَلَّمَ صَلٰوةً دَآئِمَةً اِلٰى مُنْتَهَى الْاَبَدِ بِلَا
انْقِطَاعٍ وَّ لَا نَفَادٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ حَرِّ
جَهَنَّمَ وَ بِئْسَ الْمِهَادُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ سَلِّمْ صَلٰوةً لَّا
يُحْصٰى لَهَا عَدَدٌ وَّ لَا يُعَدُّ لَهَا مَدَدٌ ○

دُرُود تعظیم 284

یہ درود شیخ محمد رافعی کا ہے جو شام کے مشہور علماء سے تھے اور جامعہ ازہر میں

پڑھاتے تھے۔انہوں نے اس درود کے بارے میں کہا کہ ایک مرتبہ میں جامعہ ازہر میں تھا کہ میں نے بحالت خواب ایک عظیم روشنی دیکھی جب اس کے بارے میں دریافت کیا تو کہا گیا کہ یہ روشنی نبی کریم ﷺ پر پڑھے گئے درود کے الفاظ کی روشنی ہے۔جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے شر شیطان سے محفوظ رکھے اور اسے نیکی کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے تو وہ روزانہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ اس درود پاک کو پڑھے انشاء اللہ اسے برائی سے نفرت ہو جائے گی اور وہ نیکی کے کاموں کی طرف راغب ہوگا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

اَللّٰھُمَّ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ صَلَاۃَ الرِّضَا فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ عَدَدَ
مَعْلُوْمَاتِکَ تَعْظِیْمًا لِّحَقِّہٖ وَ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی سِوَاکَ
وَ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّہٗ وَ فِیْ اٰخِرِ عَدَدِ
مَعْلُوْمَاتِ الْمُصَلِّیْ یَخْتِمُ بِقَوْلِہٖ ھٰذِہِ الصَّلَاۃُ
تَعْظِیْمًا لِّحَقِّکَ یَا مُحَمَّدُ ○

درود خیر رشید (285)

اس درود پاک کی کثرت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ معزز و محترم بنا دیتا ہے اور ہر کوئی اس سے عزت سے پیش آتا ہے۔روزانہ باوضو اس درود پاک کا پڑھنا کاروباری

مشکلات کو ختم کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرماتا ہے۔ صاحب کنوز الاسرار اپنے پیشوا سے نقل کرتے ہیں کہ اس درود میں بڑا راز اور اجر ہے۔ جسے اللہ پڑھنے کی توفیق دے اس کی ایک نیکی ایک لاکھ کے برابر ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ صَلَاۃً
تَزِنُ الْاَرْضِیْنَ وَالسَّمٰوٰتِ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِكَ وَ
عَدَدَ جَوَاھِرِ اَفْرَادِ کُرَۃِ الْعَالَمِ وَ اَضْعَافَ ذٰلِكَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

دُرُودِ تزکیۂ باطن 286

یہ درود پاک انسان کے ظاہر اور باطن کے تزکیہ کے لئے انتہائی اکسیر ہے جو شخص اللہ کی یاد سے غافل رہتا ہو اور وہ یہ خواہش رکھتا ہو کہ وہ غفلت کو ترک کر کے عابد و ذاکر بن جائے تو اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب میں کثرت سے پڑھنے کا معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ اسے پاکیزگی عطا فرمادے گا۔

جو شخص گاہے بگاہے اس درود پاک کو پڑھتا رہے گا اس کے دل میں حضور ﷺ سے بے پناہ محبت پیدا ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اس درود پاک کے پڑھنے والے کو ظاہری باطنی، دینی اور دنیوی نعمتیں بھی عطا فرماتا ہے اور پڑھنے والے کی مشکلات بھی دور فرما دیتا ہے اور اس درود کے پڑھنے کا یہ بھی فائدہ ہوتا ہے کہ پڑھنے والا دل کی سختی، بتاجی، ذلت، شرک وکفر اور ریاکاری سے اللہ کی پناہ میں رہتا ہے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذّٰکِرُوْنَ وَ

غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغٰفِلُوْنَ ط وَ صَلّٰى عَلَيْهِ فِى
الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اَفْضَلَ وَ اَكْثَرَ وَ اَزْكٰى مَا
صَلّٰى عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِهٖ، وَ زَكَّانَا بِالصَّلٰوةِ
اَفْضَلَ مَا زَكّٰى اَحَدًا مِّنْ اُمَّتِهٖ بِصَلٰوتِهٖ عَلَيْهِ وَ
السَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ط وَجَزَاهُ اللّٰهُ
عَنَّآ اَفْضَلَ مَا جَزٰى مُرْسَلًا عَمَّنْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ فَاِنَّهٗ
اَنْقَذَنَا بِهٖ مِنَ الْهَلَكَةِ وَ جَعَلَنَا فِىْ خَيْرِ اُمَّةٍ
اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ دَآئِنِيْنَ بِدِيْنِهِ الَّذِى ارْتَضٰى
وَاصْطَفٰى بِهٖ مَلٰٓئِكَتَهٗ وَ مَنْ اَنْعَمَ عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِهٖ
فَلَمْ تَمَسَّ بِنَانِعْمَةٌ ظَهَرَتْ وَ لَا بَطَنَتْ نِلْنَابِهَا
حَظًّا فِىْ دِيْنٍ وَّ دُنْيَا وَ رُفِعَ عَنَّا بِهَا مَكْرُوْهٌ
فِيْهِمَا وَ فِىْ وَاحِدٍ مِّنْهُمَآ اِلَّا وَ مُحَمَّدٌ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَبُهَا الْقَآئِدُ اِلٰى خَيْرِهَا،

اَلْهَادِیْ اِلٰی رُشْدِهَا الزَّآئِدُ عَنِ الْهَلَكَةِ وَ مَوَارِدِ
السُّوْٓءِ فِیْ خِلَافِ الرُّشْدِ، اَلْمُنَبِّهُ لِلْاَسْبَابِ الَّتِیْ
تُوْرِدُ الْهَلَكَةَ، اَلْقَآئِمُ بِالنَّصِیْحَةِ فِی الْاِرْشَادِ
وَالْاِنْذَارِ مِنْهَا وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَ اٰلِ
